www.wilayattimes.com
اشاعت کا تیسرا سال

ہفت روزہ
ولایت ٹائمز
WILAYAT TIMES
سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ھے وہ انھیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ھے

جلد:04 ☆ شمارہ نمبر:25 ☆ تاریخ:18 جون 2018 تا 24 جون 2018ء بمطابق 03 شوال تا 09 شوال 1439ھ ☆ صفحات:16



مسئلہ فلسطین اور نفاق پرور سیاست کا المیہ

عادل فراز

آج مسلمانوں کا بڑی طاقتوں سے خوفزدہ ہونا اور انکے ہاتھوں اپنا دین و ایمان بیچ دینا انکی ایمانی کمزوری کو ثابت کرتاھے۔ آج وھی مسلمانوں کے دوست اور سرپرست ھیں جنکی دوستی اور سرپرستی کے لئے قرآن نے منع کیاھے۔

آج ایک بار پھر فلسطین کے مظلوموں کی حمایت میں قلم اٹھایا تو احساس ہوا کہ پھر میں کچھ لوگوں کی دل آزاری کا مرتکب ہوں گا۔ کوئی بھی حق پرست یہ سوال کرسکتا ہے کہ فلسطین کے مظلوموں کی حمایت کے جرم میں صرف اخباری خاقتیں ناراض ہوسکتی ہیں تو انہیں ناراض ہونے دو۔ مگر یہاں تو مسئلہ کی نوعیت ہی مختلف ہے۔ عالم استکبار مستضعفین فلسطین کی حمایت کو ناقابل معافی جرم سمجھتا ہے تو مجھ جیسے افراد اسکے مجرم ہیں۔ اس جرم کے بار بار ارتکاب پر نہ ہم پشیمان ہیں اور نہ انکی نظروں میں چڑھنے پر اپنی جان کا خوف ستا رہا ہے۔ میں تو ان افراد کی ناراضگی اور دل آزاری کی بات کررہا ہوں جو خود کو فلسطین کا بڑا حامی اور مظلوم پرست ثابت کرتے ہیں مگر جب ان فرمانرواؤں اور مسلمان ملکوں کی خاموشی اور نفاق پر سوال قائم کئے جاتے ہیں تو یہ مظلوم پرست نام نہاد فلسطینیوں کے خلاف نام نہاد اسلامی ممالک اور فرمانرواؤں کی حمایت میں اتر آتے ہیں۔ ٹرمپ کے دورۂ سعودی عرب کے وقت میں نے اپنے کالم "چوہوں کے دیس میں بلی کا حج" میں لکھا تھا کہ سعودی عرب کی امریکہ دوستی کا راز کیا ہے؟ کیوں سعودی عرب امریکہ و اسرائیل کے سامنے بھیگی بلی کی طرح دم ہلاتا رہتا ہے۔ ٹرمپ کے اس دورہ کے پس منظر میں جن خدشات کا اظہار کیا گیا تھا وہ بعض دوستوں کو بہت ناگوار گزرا۔ ایک فاضل سیاسی تجزیہ نگار نے میرے اس کالم کو ایک پورٹل سائٹ پر شائع میرے مضمون پر کمنٹ کرتے ہوئے لکھا "بھائی، امریکہ سے ساری دنیا ڈرتی ہے۔ روس اور چین بھی امریکہ سے خوف کھاتے ہیں۔ اتنی بڑی بڑی طاقت رکھنے والے ممالک جس سے خوف کھاتے ہیں اس سے سعودی ڈر جائے، اپنے ملک کو بھی افغانستان، عراق، شام، لیبیا بنا دے؟ جارجیا میں حال ہی میں امریکہ نے وارننگ دے دی تھی کہ اگر روس نے فوج پیچھے نہیں کی تو امریکہ حملہ کردے گا۔ روس نے چپ چاپ فوج پیچھے کرلی۔ چین نے کہا تھا کہ جنوبی چین کے سمندر پر وہ کسی کی موجودگی برداشت نہیں کرے گا، یہ سنا تھا کہ امریکہ نے اپنا فوجی بحری بیڑہ جنوبی چین کے سمندر میں بھیج دیا اور چین سے کہا کہ مار کے دکھاؤ، چین نے خاموشی اختیار کرلی۔ اب اس امریکہ سے سعودی ڈر جائے تو؟"

مجھے یقین تھا کہ انہیں حالات کا صحیح علم نہیں ہے۔ سعودی عرب سے اندھی عقیدت کی بنیاد پر وہ ایسی باتیں کررہا ہے۔ لہذا میں نے احتیاط سے جواب دیتے ہوئے کہا "بھائی معلوم ہوتا ہے آپ قرآن کریم کے مطالعہ سے دل نہیں لگاتے۔ آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ اللہ نے صاحبان ایمان کو ایسی روحانی طاقت عطا کی ہے جو کبھی باطل کے سامنے سر تسلیم خم نہیں کرسکتی۔ اس روحانی طاقت کا مسلمان کو احساس نہیں ہے مگر صاحبان ایمان کو بخوبی ہے۔ آپ کے بقول سعودی عرب اس لئے اسلام دشمن ٹرمپ اور امریکہ کی غلامی کررہا ہے تاکہ اسکے حالات شام و بحرین و لیبیا جیسے نہ ہوجائیں۔ یعنی آپ یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ ظالم سے جنگ کے خوف کی بنیاد پر دبا جاسکتا ہے۔ اگر ایسا ہے تو پھر مجھے آپ کے تاریخی مطالعہ اور حیات رسول اکرم سے ناواقفیت پر ترس آتا ہے۔ احزاب کی جنگ میں بھی دشمنوں کا عظیم اتحاد سامنے آیا تھا مگر رسول اللہ اس عظیم اتحاد سے مرعوب نہیں ہوئے۔ جنگ ہوئی اور مسلمانوں کو فتح نصیب ہوئی۔ وفات رسول اللہ کے بعد مسلمان روم، ایران، سندھ اور دیگر علاقوں پر قابض ہوئے جبکہ مسلمانوں کی طاقت انکے مقابلے میں بہت کم تھی، انکے باوجود فتحیاب ہوئے۔ یعنی مسلمان کبھی بڑی طاقتوں سے خوفزدہ نہیں ہوا۔ بقول اقبال:

دشت تو دشت ہیں صحرا بھی نہ چھوڑے ہم نے
بحر ظلمات میں دوڑا دیے گھوڑے ہم نے

آج مسلمانوں کا بڑی طاقتوں سے خوفزدہ ہونا اور انکے ہاتھوں اپنا دین و ایمان بیچ دینا انکی ایمانی کمزوری کو ثابت کرتا ہے۔ آج وہی مسلمانوں کے دوست اور سرپرست ہیں جنکی دوستی اور سرپرستی کے لئے قرآن نے منع کیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے "اے ایمان والو! تم یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ یہ تو آپس میں ہی ایک دوسرے کے دوست ہیں، تم میں سے جو بھی ان میں سے کسی ایک کے ساتھ دوستی کرے گا وہ بلاشبہ انہیں میں سے ہے، ظالموں کو اللہ تعالیٰ ہرگز راہ راست نہیں دکھاتا۔ المائدہ (51) قرآن نے واضح طور پر اعلان کردیا ہے کہ یہود و نصاریٰ اسلام دشمنی میں متحد ہیں اس لئے ان کی دوستی سے باز رہو۔ اسکے باوجود ان کی دوستی کے لئے مرے جانا اس بات کی دلیل ہے کہ انہیں تعلیمات قرآن پر یقین نہیں ہے۔ امریکہ خواہ کتنی بھی بڑی طاقت کیوں نہ ہو مگر مسلمان کو اللہ پر توکل ہونا چاہئے۔ اللہ قرآن میں ارشاد فرماتا ہے "میرے علاوہ کسی بھی طاقت سے مت ڈرنا"۔ افسوس کہ آج مسلمان کو امریکہ اور اسرائیل جیسی طاقتوں پر تو ایمان ہے مگر قول قرآن کریم پر یقین نہیں ہے۔

نوجوان نسل اپنے ضمیر سے سوال کرے کہ اگر سعودی عرب کو اسلام اور مسلمانوں سے اتنی ہی ہمدردی ہے تو پھر وہ فلسطینیوں پر ہورہے ظلم و تشدد کے خلاف آواز احتجاج بلند کیوں نہیں کرتا۔ اندھے مقلد پھر فرار کا جواز پیش کریں گے کہ سعودی عرب اپنا تحفظ کرے یا فلسطینیوں کے حق کے لئے آواز اٹھائے۔ تو صاحب ہم ایسی نام نہاد اسلامی حکومت کو تسلیم نہیں کرسکتے جو صرف اپنے ذاتی مفاد کے لئے کام کررہی ہو، جسے عالم اسلام کے حالات پر تشویش نہ ہو۔ رسول اسلام کا فرمان ہے کہ مسلمان ایک جسم کی مانند ہیں، اگر کسی ایک عضو کو تکلیف پہونچتی ہے تو پورا جسم تکلیف محسوس کرتا ہے۔ کیا آپ سعودی عرب کو ایسا پاتے ہیں؟"۔ اسکے بعد ان صاحب کا کوئی جواب نہیں ملا۔ لیکن یہ ضرور معلوم ہوگیا کہ ہمارے نوجوان آج بھی نام نہاد اسلامی ملکوں کی اندھی تقلید کررہے ہیں۔ انہیں حالات اور موجودہ سیاست کا صحیح علم نہیں ہے۔ بعض کو مولوی حضرات نے گمراہ کررکھا ہے اور کچھ حقائق کا علم ہوتے ہوئے بھی تجاہل عارفانہ کا شکار ہیں۔ یہ دونوں ہی معاشرہ کے لئے ناسور ہیں۔ ظاہر ہے ایسے افراد نہ تو فلسطین کے مظلوموں کی حمایت میں لب کھولنے کی جرأت کرسکتے ہیں اور نہ امریکہ و اسرائیل کے فاسد اور اسلام دشمن منصوبوں کے خلاف محاذ آرا ہونے کی ہمت رکھتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو "عالمی یوم قدس" کے موقع پر یہ کہہ کر اپنا دامن بچا لیتے ہیں کہ یہ تحریک تو ایرانیوں کی دین ہے، یعنی خالص شیعوں کی تحریک ہے اس لئے ہمارا "عالمی یوم القدس" سے کیا سروکار ہے۔ افسوس ہوتا ہے ایسی فکروں پر اور ایسی نوجوان نسل پر۔ اگر ایران دشمنی میں مظلوموں کی حمایت سے دستبردار ہونا باعث ثواب ہے تو ایسے دین اور عقیدہ کا اللہ ہی مالک ہے۔

یروشلم میں امریکی سفارتخانہ کی منتقلی کے بعد مشرق وسطی کی سیاست کا منظر نامہ تیزی سے بدل رہا ہے۔ امریکہ نے یروشلم (بیت المقدس) کو عالمی برادری کو دھوکہ دکھاتے ہوئے اسرائیل کا پایہ تخت تسلیم کرلیا ہے۔ جس وقت امریکہ یروشلم میں اپنا سفارتخانہ منتقل کررہا تھا اس کے خلاف نہتے مظلوم فلسطینی اسرائیلی سرحد پر پرامن احتجاجی مظاہرہ کررہے تھے۔ مگر اسرائیلی فوج نے ان مظاہرین پر بمباری کی اور مظلوموں کا قتل عام کیا۔ حیرت ہوتی ہے کہ اس قتل عام کے خلاف مسلمان سڑکوں پر نظر نہیں آئے۔ کبھی سوچا ہے کیوں؟۔ کیونکہ نوجوان نسل کو یہ باور کرادیا گیا ہے کہ امریکہ و اسرائیل کے خلاف احتجاج کرنے سے کوئی فائدہ نہیں ہے۔ تمام اسلامی ملک اس کی حمایت میں کھڑے ہوئے ہیں۔ جو کچھ کرنا چاہتے ہیں وہ صرف زبانی مذمت کرکے بیٹھ جاتے ہیں اور بس۔ دوسرے ہماری نوجوان نسل اسلامی ملکوں کی طرف تکتی رہتی ہے کہ آخر اس واقعہ پر ان کا کیا ردعمل سامنے آتا ہے۔ اس کے بعد یہ نسل اپنا لائحہ عمل طے کرتی ہے کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ یعنی مظلوموں کی حمایت اور ظالم کے خلاف احتجاج کرنے میں بھی ہم اندھی تقلید کرتے ہیں۔

نوجوان نسل کو غور کرنا چاہئے کہ امریکی سفارت خانہ کا یروشلم منتقل کرنا ایک دور رس سیاسی فیصلہ ہے۔ ابھی تک فلسطین اور اسکے حامی یہ دعوی کرتے تھے کہ یروشلم پر پہلا حق مسلمانوں کا ہے اور بیت المقدس کی سرزمین پر اسرائیل کا غاصبانہ قبضہ ہے۔ عالمی سطح پر بھی یہ مشہور تھا کہ اسرائیل ایک ریاست کا نام نہیں ہے بلکہ وہ فلسطین کی زمین پر جابرانہ تسلط کے بعد خود کو ایک آزاد اور مکمل ریاست کا نام دیتا ہے۔ فلسطینیوں کی مزاحمت اور قربانیوں کے پس پردہ جہاں دیگر عوامل کارفرما ہیں وہیں ایک مطالبہ یہ بھی ہے کہ اسرائیل اپنے غاصبانہ و آمرانہ قبضہ سے آزاد کرے۔ مگر صہیونی سازشوں اور منصوبہ بندیوں کے نتیجہ میں فلسطینیوں کی سالہا سال کی محنت اکارت ہوتی نظر آتی ہے۔ امریکہ اور کئی دیگر ممالک نے اپنے سفارت خانے یروشلم منتقل کرکے یروشلم کو اسرائیل کا پایہ تخت تسلیم کرلیا۔ یہ کبھی نہ ہوتا اگر تمام مسلمان ممالک امریکہ کی غلامی سے آزاد ہوتے۔ اس غلامی کا انجام یہ ہوا کہ مسلمانوں کا پہلا قبلہ آج صہیونیوں کا پایہ تخت بن چکا ہے اور مسلمانوں میں اتنی بھی سکت نہیں بچی ہے کہ وہ عالمی سطح پر اس فیصلے کا بائیکاٹ کرسکیں۔ وہ مسلمان ممالک جن میں آج بھی امریکہ و اسرائیل نوازی میں ایک دوسرے پر سبقت لینے کی ہوڑ مچی ہو ان سے بیت المقدس کے تحفظ اور فلسطینیوں کی حمایت کی امید رکھنا بھی جرم ہے۔ سعودی شہزادہ کا بیان اس دعوی کی دلیل ہے جس نے امریکی سفارتخانہ کی منتقلی کے بعد کہا تھا کہ "مسئلہ فلسطین حل ہونے کے بعد اسرائیل سے فوری تعلقات بحال ہوسکتے ہیں، کیونکہ اسرائیل اور سعودی عرب کا دشمن ایک ہے اور ہمارے مفادات مشترک ہیں"۔ اس بیان سے واضح ہوتا ہے کہ سعودی عرب کو مسئلہ فلسطین کے حل سے کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ وہ تو اپنے روایتی حریف "ایران" کو شکست دینے کیلئے اسرائیل کے ساتھ ہاتھ ملائے ہوئے ہے۔ یعنی ایران دشمنی میں قرآن کے واضح اعلان "یہود و نصاریٰ سے دوستی نہ کرو" اور فرمان رسول "مسلمان مسلمان کا بھائی ہے" کو نظر انداز کرکے سعودی عرب اسلام دشمن طاقتوں کی گود میں جا بیٹھا ہے۔ محمد بن سلمان کا یہ بیان کہ اسرائیل اور سعودی عرب کے مفاد مشترک ہیں، مشرق وسطی کی سیاست کا پورا منظرنامہ صاف کردیتا ہے۔ اگر اس بیان کے بعد "اندھے بھکت" یہ سمجھنے سے معذور ہیں کہ سعودی عرب کی حقیقت کیا ہے اور اسکے مسلمان نما چہرے کے پیچھے اسلام دشمن چہرہ چھپا ہوا ہے تو انہیں سوائے اللہ کے کوئی دوسرا ہدایت نہیں دے سکتا۔ یہ بھی واضح ہونا چاہئے کہ سعودی عرب جیسے مسلمان ملکوں سے فلسطینیوں کو بھی کوئی امید نہیں ہے۔ فلسطین تو ان مسلمانوں کی طرف نگراں ہے جنکی حمیت اور غیرت ابھی مردہ نہیں ہوئی ہے۔

امریکہ نے یروشلم میں سفارتخانہ کی منتقلی نہیں کی بلکہ عالم اسلام کی حمیت کو للکارا ہے۔ اس فیصلے کے خلاف عالمی سطح پر جو ردعمل سامنے آنا چاہئے تھا وہ نہیں آیا۔ جو بیانات میڈیا میں آئے ان میں امریکہ و اسرائیل کے اس فیصلے کی مذمت کے بجائے خوف کی جھلک تھی۔ ایسا محسوس ہوا کہ جیسے اپنے ناقدین کو خاموش کرانے کے لئے رسمی بیانات دیے جارہے ہوں۔ یہی وجہ ہے کہ عالمی استکبار عالم اسلام کے ردعمل کو مکھی کی بھنبھناہٹ سے بھی زیادہ حقیر سمجھتا ہے۔ اگر یہ مخالفانہ ردعمل متحدانہ طور پر ظاہر ہوتا تو نتائج مثبت ہوتے اور استعماری نظام کی چولیں ہل جاتیں۔ مگر جن مسلمان ملکوں کا نظام استعماریت کا پروردہ ہو وہ کبھی اسکے خاتمہ کے لئے متحد نہیں ہوسکتے۔ عالم اسلام کو سمجھنا چاہئے کہ آخر صہیونیت کا پہلا ہدف مسلمان اور انکے آثار ہی کیوں ہوتے ہیں؟ آخر مسلمان ملکوں کو تباہ کیوں کیا جارہا ہے؟۔ قدرتی ذخائر جو اللہ نے مسلمانوں کو عطا کئے تھے رفتہ رفتہ صہیونیوں کے تسلط میں کیوں جارہے ہیں؟۔ استعمار عالم اسلام کو اپنے گنتی بردارں سے زیادہ اہمیت کیوں نہیں دیتا۔

اس نفاق پرور سیاست کی تہہ تک پہونچنے کے لئے سعودی وزارت خارجہ کے اس بیان کو ملاحظہ کریں جو امریکی سفارتخانہ کی منتقلی کے بعد سعودی عرب کی طرف سے ردعمل کے طور پر میڈیا میں دیا گیا ہے۔ سعودی عرب کی وزارت خارجہ نے نہتے فلسطینی شہریوں پر اسرائیلی فوج کی فائرنگ اور حملوں کی شدید مذمت کی ہے اور اپنے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ وہ فلسطینی عوام کے جائز حقوق کی بحالی اور نصب العین کے حصول کے لیے ان کے ساتھ کھڑا ہے"۔ سوال یہ ہے کہ سعودی عرب مظلوم فلسطینیوں کی حمایت میں کہاں نظر آتا ہے؟ سعودی عرب فلسطینیوں کے قتل عام کی مذمت تو کرتا ہے مگر امریکی سفارتخانہ کی منتقلی کی مخالفت میں بیان جاری نہیں کرتا۔ کیوں؟ کیا سرکاری سطح پر دنیا کو دکھانے کے لئے ایک مذمتی بیان جاری کردینا کافی ہے۔ سعودی عرب نے جس عزم کا اعادہ کیا ہے وہ کبھی فلسطین کی حمایت میں اسرائیل کے خلاف دکھائی نہیں دیا۔ ٹرمپ کو اپنے گھر میں بلا کر انکی پذیرائی کرنے والے اور عالم اسلام کے خلاف سرزمین وحی پر صہیونی سازشوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے منصوبہ بندی کرنے والے انہی کے خلاف کیسے قیام کرسکتے ہیں۔ لہذا سعودی عرب مظلوموں کی ہمدردی میں نفاق سے کام نہ لے بلکہ عمل کرکے ظالموں کے خلاف میدان عمل میں اتر جائے اور فتح یا کامیابی اللہ کی طرف سے ہے۔

adilfaraz2@gmail.com

شجاعت قتل معمہ

پولیس کو 3 مشتبہ افراد کی تلاش ، لوگوں سے تعاون طلب ،موٹر سائیکل پر سوار شک آور افراد کی تصاویر جاری

سری نگر / کے این این / پولیس نے جمعرات کو رات دیر گئے موٹر سائیکل پر سوار تین نامعلوم افراد کی ایک تصویر منظر عام پر لائی ، جن کے بارے میں شبہ کیا جاتا ہے کہ یہی شجاعت بخاری کی ہلاکت میں ملوث ہو سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ، ریاستی پولیس کی جانب سے جاری کردہ بیان میں لوگوں سے تعاون طلب کیا گیا ہے کہ موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوانوں کی شناخت میں مدد دی جائے۔ کے این این کے مطابق ریاستی پولیس نے جمعرات کو معروف صحافی و رائزنگ کشمیر کے مدیر اعلیٰ شجاعت بخاری کے مبینہ قاتلوں کی تصاویر شیئر کی ہے۔ پولیس نے عوام سے ان کی شناخت کے لئے مدد بھی طلب کی ہے۔ پولیس نے اپنے سرکاری بیان میں کہا ہے کہ اس حملے میں ملوث لوگوں کی شناخت میں پولیس کی مدد کریں۔ مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے پولیس نے رابطے کے لیے کئی نمبرات بھی جاری کیے ہیں، جو درج ذیل ہیں 3 2 6 0 7 7 9 6 5 9پی سی آر سرینگر 0194247756895962225519596222550اور پولیس کنٹرول روم کشمیر 100 میں رابطہ کرنے کی بات کہی گئی ہے۔ پولیس نے کہا کہ ملزمین سے متعلق کسی بھی طرح کی اطلاعات ومعلومات یا سراغ دینے والے کا نام پورے طریقے سے پوشیدہ رکھا جائے گا۔ یاد رہے کہ پریس کالونی سرینگر میں جمعرات کو سینئر صحافی شجاعت بخاری کا نامعلوم حملہ آوروں نے گولی مار کر قتل کر دیا ہے۔ نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے شجاعت بخاری پر اس وقت گولیاں چلائیں جب وہ لال چوک پریس انکلیو میں واقع اپنے آفس سے کار میں سوار ہو کر افطار پارٹی کیلئے نکل رہے تھے۔ مسلح حملہ آوروں نے انہیں ان کے دفتر کے باہر گولی ماری۔ وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے اس حملہ کو تشدد کی نئی مہم سے تعبیر کیا۔ انہوں نے بخاری کے موت پر گہرے رنج وغم کا بھی اظہار کیا۔ اس دوران پولیس نے واقعہ کے حوالے سے تحقیقات کیلئے (ایس آئی ٹی) تشکیل دی جس کی سربراہی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر کریں گے۔ اس دوران پولیس نے چار مشتبہ افراد میں سے ایک کی گرفتاری عمل میں لائی ہے جس کے قبضے سے شجاعت بخاری کے پی ایس او کا پستول برآمد کیا گیا ہے۔

حملہ بزدلانہ فعل: وزیر داخلہ

نئی دہلی/ انڈیا کے وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ نے شجاعت بخاری کے قتل کو ایک بزدلانہ فعل قرار دیا ہے۔ اپنے ایک ٹویٹر پیغام میں انھوں نے کہا یہ کشمیر میں دانشمندانہ بات کرنے والوں کو خاموش کرنے کی کوشش ہے۔ نامور صحافی کی ہلاکت اور پے در پے حملوں کے بعد وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ نے وزیر اعظم ہند کو ریاست کی تازہ ترین سیکورٹی صورتحال پر جانکاری فراہم کی۔ شجاعت بخاری کی ہلاکت اور عسکریت پسندوں کے پے در پے حملوں کے بعد مرکزی وزیر داخلہ راج ناتھ سنگھ نے وزیر اعظم ہند نریندر مودی کو ریاست جموں وکشمیر کی تازہ ترین صورتحال پر جانکاری فراہم کرتے ہوئے کہا کہ سیکورٹی فورسز کسی بھی چیلنج کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہیں۔ معلوم ہوا ہے کہ وزیر داخلہ اور وزیر اعظم ہند کے درمیان دو گھنٹے تک میٹنگ منعقد ہوئی جس دوران سرگرم عسکریت پسندوں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لانے پر اتفاق کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ میٹنگ کے دوران فوری طور پر یک طرفہ سیز فائر کو ختم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔

ہلاکت قابل مذمت: علامہ حامی

سرینگر / شجاعت بخاری منکسر، دیانت دار، نڈر اور بے باک صحافی تھا۔ صحافت کا دور پوری دنیا میں آزادانہ منصفانہ تصور کیا جاتا ہے اس لئے جمہوری نظام میں صحافت کو چوتھا ستون تصور کیا جاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار امیر کاروان اسلامی پیر طریقت علامہ غلام رسول حامی نے جمعۃ المبارک کے موقعے پر ہزاروں لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ امیر کاروان اسلامی نے سینئر صحافی کے قتل پر اپنے گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ آزاد صحافت کا قتل انسانیت کے منافی ہے۔ انہوں نے کہا شجاعت بخاری کا قتل انتہائی قابل مذمت ہے کیونکہ اسلام کسی کا بھی قتل کا جواز فراہم نہیں کرتا ہے۔ تاہم یہ بات انتہائی سنجیدہ ، لائق غور وفکر اور افسوسناک ہے کہ ایسے واردتوں کے پیچھے کون لوگ کارفرما ہیں۔

قتل کی فوری تحقیقات کی جائے : سوز

سری نگر / سابق مرکزی وزیر پروفیسر سیف الدین سوز نے کہا ہے کہ سید شجاعت بخاری کا بہیمانہ قتل ان ظالموں نے کیا ہے جو اس آواز کو خاموش کرانا چاہتے تھے جو مسئلہ کشمیر کو ہندوستان ، پاکستان اور کشمیر کے لوگوں کے درمیان باہمی طور بامقصد مذاکرات کے ذریعے حل کرنے کی وکالت کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ سید شجاعت بخاری کو اس بات کی بہت فکر رہتی تھی کہ کشمیر کے لوگ طرح طرح کی مشکلات اور مصائب کے شکار ہو گئے ہیں کیونکہ ہندوستان اور پاکستان کے درمیان کشیدگی اور دشمنی کی فضا قائم ہو گئی تھی۔ ان کا خیال تھا کہ چونکہ ہمسائیگی کو بدلا نہیں جا سکتا اس طرح ہندوستان اور پاکستان کے درمیان دوستی اور ہم آہنگی کی فضا لازمی عمل ہے۔

حملہ پوری صحافتی برداری پر حملہ ہے: کشمیر پریس کلب

سرینگر / کشمیر پریس کلب نے شجاعت بخاری کو قتل کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ سینئر صحافی کا قتل انسانیت کا قتل ہے ۔ ایوان صحافت کے صدر نے کہا کہ شجاعت بخاری ایک نڈر صحافی تھے اور ان کی ہلاکت سے ایک بہت بڑا خلا پیدا ہو گیا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق کشمیر پریس کلب نے سینئر صحافی شجاعت بخاری کے قتل کو انسانیت کا قتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ حملہ پوری صحافتی برادری پر حملہ ہے۔ کشمیر پریس کلب کے نائب صدر شفاعت کی جانب سے جاری بیان کے مطابق شجاعت بخاری پر کیا گیا حملہ ناقابل برداشت ہے اور اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہیں۔ نائب صدر کے مطابق اس طرح کے حملوں سے کشمیر کے صحافیوں کو خاموش نہیں کیا جاسکتا ہے۔

قتل سفاکانہ و انسانیت سوز: جماعت اسلامی

سری نگر/ جماعت اسلامی جموں وکشمیر نے وادی کے موقر انگریزی روزنامہ رائزنگ کشمیر کے چیف ایڈیٹر اور معروف صحافی شجاعت بخاری کے قتل کو سفاکانہ اور انسانیت سوز قرار دیتے ہوئے اس غیر انسانی حرکت کی کڑی مذمت کرتی ہے جس میں مرحوم شجاعت بخاری کے علاوہ ان کے دو ذاتی محافظ بھی جاں بحق ہو گئے۔ ایڈوکیٹ زاہد علی ترجمان اعلیٰ جماعت اسلامی کی جانب سے کے این این کو موصولہ بیان کے مطابق یہ دراصل یہاں کے عوام کی آواز کو دبانے کی ایک وحشیانہ کارروائی اور بنیادی انسانی حقوق کی ایک صریح پامالی ہے جس کو کوئی بھی مہذب انسانی سماج قبول نہیں کر سکتا ہے۔ میڈیا عوام کی آواز کو دنیا تک ابلاغ کرنے کا ایک ذریعہ ہے علی الخصوص ان مظلوموں کی آواز کا علمبردار ہوتا ہے جو کسی ظالم وجابر قوت کے مظالم اور من مانیوں کا شکار ہوں اور میڈیا سے وابستہ کسی فرد کو قتل کرنا دراصل عوام کی حقیقی آواز اور ان کی حقوں کو دبانے کے مترادف ہے اور ظالموں اور جابروں کے ہاتھوں کو مضبوط کرانے کی ایک گستاخانہ کوشش ہے۔ متنازعہ خطوں میں ہمیشہ غیر جانبدار صحافی ظالموں اور جابروں کے نشانے پر رہے ہیں تاکہ عوام پر ڈھائے جا رہے ظلم و جبر کو ضبط تحریر میں لانے کے ذرائع پر قدغن عائد کی جائے۔ کسی سماج خاطر بالخصوص کی حقیقی صورتحال کو دنیا کے سامنے پیش ہونے سے روکنے کی خاطر ظالموں نے ہمیشہ یہ گھناؤنے حربے استعمال کئے ہیں اور موجودہ زمانے میں میڈیا سے وابستہ افراد ہی ان حربوں کے شکار بنے ہیں لیکن تاریخ گواہ ہے کہ ظالموں کی یہ کارروائیاں حقائق کو چھپانے میں کبھی کامیاب نہیں ہوئی ہیں۔ اسلام جو انسانی حقوق کا علمبردار ہے نے ہمیشہ حق تنقید کا دفاع کرنے کے علاوہ اس کی حوصلہ افزائی بھی کی ہے اور انسان کو اپنے خیالات کے اظہار کا حق بھی فراہم کیا ہے۔ کبھی بھی اس طرح کی بہیمانہ کارروائیوں کی حمایت نہیں کرتا ہے اور اس لئے کوئی بھی اسلام پسند فرد اس طرح کی کارروائی کا تصور بھی نہیں کر سکتا ہے۔ اس پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہ کا اسوہ حسنہ ایک ناقابل تردید شہادت کے طور پر ہمارے سامنے ہے۔ جماعت اسلامی جموں وکشمیر اسلام کو انسانی زندگی کے لیے ایک واحد اور بہترین ضابطہ اور لائحہ عمل قرار دیتی ہے اور اس طور کسی بھی بے گناہ انسانی جان لینے کی کارروائی کو انسانیت سوز مانتے ہوئے اس کی کڑی مذمت کرتی ہے۔ جماعت اسلامی جموں وکشمیر مرحوم شجاعت بخاری کی صحافتی میدان میں ان کی عظیم خدمات کو زبردست خراج پیش کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی اور دیگر ارکان جماعت کی طرف سے غمزدہ خاندان کے ساتھ مکمل یکجہتی اور عظیم سانحہ پر گہرے افسوس کا اظہار کرتی ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم شجاعت بخاری کو اپنی مغفرت سے نوازے۔

سانحہ وحشیانہ اور سفاکانہ: ڈاکٹر فاروق

سرینگر / سابق وزیر اعلیٰ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے ریاست جموں کشمیر کے معروف صحافی ، قلمکار ، ادیب اور دانشور سید شجاعت بخاری کی وحشیانہ اور سفاکانہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے ہلاکت کو انسانیت کا قتل قرار دیتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے ریاست میں صحافت کو پروان چڑھانے میں اہم رول ادا کیا۔ شجاعت بخاری نے اپنی پوری زندگی لوگوں کیلئے وقف کی اور مسائل کو اجاگر کرنے کیلئے پیش پیش رہتے تھے۔ وہ امن کے متلاشی تھے۔ ڈاکٹر فاروق نے کہا کہ شہید شجاعت بخاری کے قاتلوں کو بے نقاب کر کے انہیں سخت سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے سید شجاعت بخاری کے پسماندگان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت کی۔

ہلاکت سے انسانیت ہل گئی: کربلائی



کرگل/ لداخ سے کانگریس کے سینئر لیڈر و ممبر اسمبلی کرگل حاجی اصغر علی کربلائی نے معروف صحافی سید شجاعت بخاری کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سانحہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم نے اپنی زندگی لوگوں کے مسائل کو اجاگر کرنے اور امن کو فروغ دینے میں صرف کی۔ مرحوم ایک ذہین اور قابل قلمکار ہونے کے ساتھ ساتھ دانشور بھی تھے جن کی صحافتی اور ادبی میدان میں خدمات ناقابل فراموش ہیں۔

شجاعت بخاری ایک شخص نہیں بلکہ ایک آواز کا نام ؟

ریاض مسرور

سید شجاعت حسین بخاری سری نگر سے انگریزی اور اردو میں اخبار شائع کرتے تھے جبکہ کشمیر زبان میں ایک ہفتہ وار جریدے کی ادارت کرتے تھے۔ پچاس سالہ شجاعت بخاری نے تیس سال قبل صحافت کا آغاز وید بھسین کے کشمیر ٹائمز میں ایک تربیتی رپورٹر کے طور پر کیا تھا۔ شمالی کشمیر کے بارہمولہ کے کریری قصبے کے ایک آسودہ حال خاندان سے تعلق رکھنے والے سید شجاعت بخاری نے سرکاری نوکری ترک کر کے صحافت میں قدم رکھا تھا اور چند سال کے اندر ہی وہ ایک معروف اور سلجھے ہوئے صحافی کے طور پر اُبھرے۔ سنہ 1997 میں شجاعت بخاری بھارت کے انگریزی روز نامہ 'دا ہندو' کے خصوصی نامہ نگار تعینات ہوئے اور 15 سال تک اسی اخبار کے لیے کام کیا۔ اس دوران وہ جرمنی کے ریڈیو ڈائچے ویلے کے بھی نامہ نگار رہے۔ شجاعت بخاری نے سنہ 2008 میں کشمیر میڈیا گروپ نامی صحافتی ادارہ کی بنیاد رکھی اور اسی کے تحت انگریزی روزنامہ رائزنگ کشمیر، اردو روزنامہ بلند کشمیر، اردو ہفت روزہ کشمیر پرچم اور کشمیری زبان کا ہفت وار اخبار سنگرمال جاری کیے۔ گذشتہ چند سال سے وہ رائزنگ کشمیر کے ہمہ وقتی مدیر تھے۔ وہ امریکی رضاکار ادارہ روٹری کلب کے ساتھ بھی کئی سال تک وابستہ رہے اور وادی میں فنکاروں اور اداکاروں کی بہبود کے لیے انھوں نے کشمیر آرٹ فاؤنڈیشن بھی قائم کی۔ کشمیری زبان کے احیا کے لیے بھی انھوں نے کافی کام کیا اور وہ اس زبان میں لکھے گئے ادب کی ترویج و اشاعت کے لیے سرگرم تنظیم 'ادبی مرکز کمراز' کے صدر بھی رہے ہیں۔ انھوں نے امریکہ، مشرق وسطی اور یورپ میں درجنوں شہروں کا دورہ کیا اور اکثر انھیں کشمیر، افغانستان اور دیگر عالمی امور سے متعلق کانفرنسوں میں مدعو کیا جاتا تھا۔ جمعرات کو ہلاکت سے چند ہی روز قبل وہ سپین میں ورلڈ ایڈیٹرز کانفرنس میں شرکت کے بعد لوٹے تھے۔ شجاعت کے قریبی ساتھیوں کا کہنا ہے کہ وہ ملنسار اور مثبت سوچ کے مالک تھے۔ ان کے اخبار 'بلند کشمیر' کے مدیر راشد مقبول کہتے ہیں: 'شجاعت صاحب نے اپنی صحافت میں اعتدال برقرار رکھا، وہ کشمیر کی کہانی کو ہر زاویے سے کہنے میں ماہر تھے۔' شجاعت کا حلقہ اثر کشمیر ہی نہیں بلکہ ہندوستان، پاکستان اور دیگر ممالک میں بھی تھا۔ وہ سوشل میڈیا پر بھی سرگرم تھے اور اکثر صورتحال سے متعلق شدید مباحثوں میں شریک ہوتے تھے۔ انھیں سنہ 2006 میں نامعلوم افراد نے اغوا کر کے گولی مارنے کی کوشش کی تاہم شجاعت ان کی گرفت سے بھاگ نکلے اور بعد میں انھوں نے بتایا کہ جب انھیں گولی مارنے کی کوشش کی گئی تو بندوق بردار کی پستول لاک ہو گئی۔ بعد میں حکومت نے انھیں سکیورٹی فراہم کی اور گذشتہ کئی برسوں سے ان کے ساتھ کم از کم چار ذاتی محافظ تعینات رہتے تھے۔ جمعرات کو جب وہ دفتر سے گھر کی طرف روانہ ہونے کے لیے گاڑی میں بیٹھے تو ان کے محافظ ممتاز احمد اور عبدالحمید ان کے ساتھ تھے جو دونوں حملے میں ان کے ساتھ ہی مارے گئے۔ شجاعت نے دس سال قبل سنگاپور یونیورسٹی سے ایک فیلوشپ پروگرام کے تحت علم صحافت میں پی ایچ ڈی کیا تھا۔ ان کی تحریریں بی بی سی اور دیگر عالمی نشریاتی اداروں میں شائع ہوتی رہی ہیں۔ وہ اظہار رائے کی آزادی کے لیے بھی سرگرم تھے۔ شجاعت کی اہلیہ محکمۂ صحت میں سینیئر ڈاکٹر ہیں اور ان کے پسماندگان میں ان کی بیوی اور والدین کے علاوہ بیٹا اور بیٹی ہیں۔

کشمیر میں صحافت کا ایک باب خاموش

ماجد جہانگیر

صحافی شجاعت بخاری کو جمعرات کو ان کے دفتر کے باہر سرینگر کے پریس کالونی میں نامعلوم حملہ آوروں نے گولی ماردی تھی 'خاندان میں ہر کوئی صدمے میں ہے، یہاں کون بات کرے گا۔' مجھے یہ جواب اس وقت ملا جب میں کریری پہنچا اور شجاعت بخاری کے کزن سعید بشارت سے ان کے خاندان سے ملاقات کی خواہش ظاہر کی۔ شمالی کشمیر کے اس گاؤں میں ہر آنکھ نم اور ہر چہرہ اداس ہے۔ اپنا اور پرایا ہر ایک نڈھال ہے اور شجاعت بخاری کی موت کا مطلب تلاش کر رہا ہے۔ سینئر صحافی شجاعت بخاری کو جمعرات کو ان کے دفتر کے باہر سرینگر کے پریس کالونی میں نامعلوم حملہ آوروں نے گولی ماردی تھی۔ اس واقعے میں ان کے دو سکیورٹی اہلکار بھی ہلاک ہوئے۔ کریری میں ان کے گھر کے صحن میں لوگوں کی بھیڑ تھی۔ بہت سی خواتین گھر کے برآمدے میں بلند آواز سے رو رہی تھیں۔ ایک بزرگ عورت چلا رہی تھی، 'میرے افسر تم کہاں چلے گئے۔' صحن میں شجاعت بخاری کی میت کو ایک کپڑا میں لپیٹ ایک چارپائی پر رکھا گیا تھا۔ بہت سے رشتہ دار اور دوست اس آخری الوداع میں شامل ہونے کے لیے آئے تھے۔ شجاعت بخاری نے اپنے سوگواران میں دو بیٹے، بیوی اور والدین کو سوگوار چھوڑا ہے۔ سعید بشارت نے اس واقعہ کو قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا، 'پورا خاندان گہرے صدمے میں ہے۔ ہمارے پاس اسے بیان کرنے کے لیے الفاظ نہیں ہیں۔ ہمیں نہیں پتہ کہ کس نے ایسا کیا۔ جس نے بھی کیا ہے اس نے ایک ایک سمجھے ہوئے صحافی، ایک قلمکار اور ایک دانشور کا قتل کیا ہے۔ یہ گھناؤنا قتل ہے۔ شجاعت صاحب ہر ایک پلیٹ فارم پر مظلوموں کی نمائندگی کرتے تھے۔ جنھوں نے بھی یہ کیا ہے انھوں نے رمضان المبارک کے مقدس مہینے کا بھی لحاظ نہیں کیا۔' شجاعت بخاری کئی سالوں سے سری نگر میں رہتے تھے۔ ان کے بہت سے رشتہ دار بھی سری نگر میں رہتے ہیں۔ عید یا کسی بڑے تہوار پر تمام لوگ گاؤں میں جمع ہوتے ہیں۔ بشارت کہتے ہیں، 'ہمارے جو بھی رشتہ دار سری نگر میں رہتے ہیں، توقع ہے کہ وہ تمام عید جیسے موقع پر گاؤں آتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان کا (شجاعت بخاری) کا بھی انتظار ہو رہا تھا۔' شجاعت بخاری کئی سالوں سے سری نگر میں رہتے تھے اور عید کے موقع پر ان کے گاؤں میں ان کا انتظار ہو رہا تھا۔ آہ بھرتے ہوئے وہ کہنے لگے کہ جو خوشیاں تھیں وہ غم میں تبدیل ہو گئیں۔ شجاعت بخاری کے گاؤں کے ایک نوجوان، عادل کہتے ہیں، 'اس طرح کی قتل ہر شخص کی مذمت کرے گا۔ یہ ایک معصوم کا قتل ہے۔ آج تک انھوں نے یہاں کسی کے ساتھ اونچی آواز سے کسی آواز سے بات نہیں کی۔ جب بھی ہم سے ملتے تھے، وہ ہمیں ایک بیٹے کی طرح رکھتے تھے۔' ان کے قریبی دوستوں میں سے ایک طارق علی میر کا کہنا ہے کہ جس طرح سے شجاعت بخاری کو قتل کیا گیا ہے وہ بہت سے سوالات اٹھاتے ہیں۔ انھوں نے کہا، 'کشمیر کی صحافت میں ایک باب خاموش کر دیا گیا ہے۔ مجھے بتاؤ کہ صحافی کس جگہ محفوظ کہاں ہے، یہ صحافتی برادری کے لیے ایک بڑا سانحہ ہے۔'

قلــم کی باثر آواز

سرینگر کی پریس کالونی میں سید شجاعت بخاری دو محافظوں سمیت نامعلوم بـنـدوق بـرداروں کے ھاتھوں جاں بحق، نماز جنازہ میں ھزاروں لوگوں کی شرکت

سرینگر/ ولایت ٹائمز/ کے این این/ جمعرات کی شام سرینگر کے لال لال چوک میں واقع پریس کالونی کے احاطہ میں نامعلوم اسلحہ برداروں کے ہاتھوں دو ذاتی محافظوں سمیت جاں بحق ہوئے سینئر صحافی، تجزیہ نگار اور کالم نویس سید شجاعت بخاری کی آخری رسومات آبائی علاقہ کریری پٹن بارہمولہ میں جمعہ کی صبح انجام دی گئیں۔ نماز جنازہ میں مرحوم کے برادر اکبر سید بشارت بخاری، سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، وزیر تعمیرات نعیم اختر، کانگریس کے سابق صدر پروفیسر سیف الدین سوز، سابق وزیر تاج محی الدین، سابق وزیر عبدالحق خان، نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر، پارٹی کے صوبائی صدر ناصر اسلم وانی، کئی مزاحمتی لیڈروں، سینئر و جونیئر صحافیوں اور مرحوم کے قریبی دوست واحباب کے علاوہ ہزاروں کی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ مرحوم شجاعت بخاری کے جلوس جنازہ میں شامل لوگوں کی آنکھیں اشکبار تھیں جبکہ مرحوم کے آبائی گھر واقع کریری میں ماتم کا عالم تھا اور ہر طرف خواتین کی چیخ وپکار سنائی دے رہی تھیں۔ سرینگر سے شائع ہونے والے انگریزی روزنامہ رائزنگ کشمیر کے چیف ایڈیٹر اور سینئر صحافی شجاعت بخاری کی میت کو آبائی مقبرہ میں ہزاروں اشکبار آنکھوں اور افسردہ چہروں کے سامنے سپرد لحد کیا گیا۔ اس موقعہ پر قصبہ کریری میں غم والم پایا جاتا تھا اور نزدیکی علاقوں بشمول واگورہ، وترگام، پٹن، سنگرامہ اور دیگر کئی دیہات سے بھی سینکڑوں لوگ مرحوم کی آخری رسومات میں شرکت کے لئے پہنچے تھے۔ نماز جنازہ کے موقعہ پر مقررین نے مرحوم کی صحافتی، سماجی اور ادبی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ خیال رہے کہ جمعرات کی شام جب شجاعت بخاری اپنے دفتر واقع پریس کالونی سرینگر سے شام کے تقریباً ساڑھے سات بجے نکل کر کہیں جا رہے تھے تو اپنی نجی گاڑی میں سوار ہوتے ہی نامعلوم اسلحہ برداروں نے ان پر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں شجاعت بخاری اور ان کے دو ذاتی محافظ شدید زخمی ہوگئے۔ تینوں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں ڈاکٹروں نے شجاعت اور ان کے ایک محافظ کو مردہ قرار دیا جبکہ دوسرا محافظ شام دیر گئے زخموں کی تاب نہ لاکر دم توڑ بیٹھا۔ ادھر پولیس نے جمعرات کو رات دیر گئے موٹر سائیکل پر سوار تین نامعلوم افراد کی ایک تصویر منظر عام پر لائی، جن کے بارے میں شبہ کیا جاتا ہے کہ یہی شجاعت بخاری کی ہلاکت میں ملوث ہوسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ریاستی پولیس کی جانب سے جاری کردہ بیان میں لوگوں سے تعاون طلب کیا گیا ہے کہ موٹر سائیکل پر سوار تین نوجوانوں کی شناخت میں مدد دی جائے۔

ساری قوم ماتم کناں: محبوبہ مفتی

سری نگر/ ریاست کی خاتون وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے وادی کشمیر کے معروف صحافی، قلمکار اور دانشور سید شجاعت بخاری کی ہلاکت پر گہرے رنج و دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی صحافتی میدان میں خدمات کو یاد کیا۔ انہوں نے سانحہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور کہا کہ سید شجاعت بخاری کی ہلاکت پر بین الاقوامی اور قومی سطح پر ایک شور برپا ہوا ہے۔ ساری انسانیت اس سانحے میں سوگوار ہیں۔ انہوں نے مرحوم کے برادر و ریاستی وزیر سید بشارت بخاری کے علاوہ دیگر لواحقین سے تعزیت پیش کی۔

سانحہ میں ملوث ملزمان کو انصاف کے کٹھہرے میں لایا جائے/دفتر خارجہ ترجمان

سرینگر/ ہے کے این ایس/ پاکستان نے کشمیر میں سینئر صحافی شجاعت بخاری کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے قتل میں ملوث ملزمان کو انصاف کے کٹہرے میں لانے کا مطالبہ کردیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ ڈاکٹر محمد فیصل نے کشمیر میں صحافی شجاعت بخاری کے قتل کی مذمت کرتے ہوئے کہا کہ شجاعت بخاری کو افطاری کے وقت ان کے گھر کے باہر قتل کیا گیا، بھارت کی جانب سے اس طرح کے مظالم کا کوئی جواب نہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مطالبہ کیا کہ قتل میں ملوث ملزمان کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ شجاعت بخاری نے کشمیر کی صورتحال پر اقوام متحدہ انسانی حقوق کمیشن کی رپورٹ نوٹ کی تھی، جس کے چند گھنٹوں بعد انہیں شہید کردیا گیا۔

سانحہ مصیبت اعظمیٰ: عباس انصاری

سرینگر/ اتحاد المسلمین جموں وکشمیر نے نامور صحافی اور قلمکار سید شجاعت بخاری کی ہلاکت پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ "ولایت ٹائمز" کو موصولہ ایک تعزیتی پیغام میں تنظیم کے سربراہ و بزرگ مزاحمتی رہنما مولانا محمد عباس انصاری نے شجاعت بخاری پر حملہ کو آزادی رائے پر حملہ قرار دیا اور کہا کہ اس طرح کی بزدلانہ کارروائی نہ صرف مذموم عمل ہے بلکہ کشمیر کی آواز کو خاموش کرنے کی ایک گہری سازش ہے۔ انہوں نے مرحوم بخاری کو کشمیری قوم کا حامی اور آزاد قلمکار قرار دیتے ہوئے کہا کہ شجاعت کا قتل ایک منصوبہ بند سازش کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی پر حملہ صحافت پر حملہ ہے اور صحافت پر حملہ سراسر سماج اور آزادی رائے پر حملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ شجاعت بخاری کا قتل ایک فرد کا قتل نہیں بلکہ دسیوں ہزار افراد کے قتل کے برابر ہے اور یہ بزدلانہ اقدام کشمیری قوم کیلئے ایک مصیبت عظمیٰ ہے۔

ھلاکت بھیمانہ قتل: سید گیلانی

سری نگر/ بزرگ حریت قائد و چیئرمین حریت (گ) سید علی گیلانی نے معروف صحافی سید شجاعت بخاری کے نامعلوم بندوق برداروں کے ہاتھوں بہیمانہ قتل پر اپنی گہری تشویش اور رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انہیں ذاتی طور پر یہ خبر سن کر دلی صدمہ اور دکھ پہنچا ہے۔ موصولہ بیان میں انہوں نے کہا کہ کسی معصوم انسان کو قتل کرنا پوری انسانیت کو قتل کرنے کے مترادف ہے۔ حریت راہنما نے غمزدہ خاندان کے ساتھ اپنی دلی ہمدردی اور تعزیت کا بھی اظہار کیا۔

سانحہ کشمیری قوم کیلئے لمحہ فکریہ: میرواعظ

